10 اگست 2017ء

مالی سال 18ء کے پہلے ماہ میں بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے 1.54 ارب ڈالر کی ترسیلات بھیجیں

بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے مالی سال 18ء کے پہلے ماہ (جولائی) میں 1541.67 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے جبکہ گذشتہ برس کے اسی ماہ میں 1328.18 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

جولائی 2017ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 1541.67 ملین ڈالر تھی جو کہ جون 2017ء کے مقابلے میں 16.2 فیصد کم ہے، اور جولائی 2016ء کے مقابلے میں 16 فیصد زائد ہے۔ بلحاظ ملک جولائی 2017ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 408.84 ملین ڈالر، 334.63 ملین ڈالر، 193.70 ملین ڈالر، 199.18 ملین ڈالر، 192.02 ملین ڈالر، اور 52.08 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے، جبکہ جولائی 2016ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 378.69 ملین ڈالر، 293.72 ملین ڈالر، 169.68 ملین ڈالر، 143.61 ملین ڈالر، 169.61 ملین ڈالر اور 35.74 ملین ڈالر تھیں۔ جولائی 2017ء کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 161.22 ملین ڈالر رہیں جبکہ جولائی 2016ء میں ان ملکوں سے 137.13 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

☆☆☆